# 75099- منہج اہل سنت والجماعت کی دعوت

## سوال

میرا ایک مسلمان دوست جو صوفی فکر رکھتا ہے اس نے میرے ساتھ بہت بھلائی اور خیر کے کام کیے ہیں اور وہ علماء کے دروس میں ہمیشہ شریک ہوتا ہے میرے لیے اسے سلفی اور اہل سنت کے منہج کی دعوت دینا کس طرح ممکن ہے، کیونکہ علماء میں میری مدد کرنے والا کوئی نہیں، یہ بھی علم میں رہے کہ صوفیوں کو مطمئن کرنا بہت مشکل ہے، اور خاص کر ان علماء کے درمیان رہتے ہوئے، اور یہ بھی کہ وہ لوگ سلفی حضرات پر تکفیر کی تہمت لگاتے ہیں ؟

## پسندیدہ جواب

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ آپ کو اپنے بھائی کے لیے دینی خیر خواہی کی حرص اور اس کے بھلائی کی کوشش رکھنے پر اجر عظیم عطا فرمائے، بلاشک بندے پر اللہ کی سب سے عظیم نعمت یہ ہے کہ وہ اپنے دل کو دعوت الی اللہ میں مشغول رکھے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ سے دل کو معمور کرتے ہوئے زندہ رکھے.

دعوت الی اللہ کا کام کرنے والا شخص اپنی دعوت میں علم و بصیرت کا محتاج ہوتا ہے.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"ہوشمند اور عقل و خرد کے مالک اور دعوت الی اللہ کا خیال رکھنے والے مسلمان نوجوان ذرا اس فرمان باری تعالی پر تامل اور غور کرو :

.{کہہ دیجئے میری راہ یہی ہے میں اور میرے متبعین اللہ کی طرف پورے یقین اور اعتماد و بصیرت کے ساتھ دعوت دیتے ہیں اللہ پاک ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں}. یوسف (108).

یعنی جس کی دعوت دے رہے ہو اس کی بصیرت ہو، اور جسے دعوت دے رہے ہو اس کے حال کی بھی بصیرت رکھتے ہو، اور دعوت کی کیفیت کی بھی بصیرت ہونی چاہیے، تو اس سے یہ علم ہوا کہ دعوت کی کچھ شروط ہیں جن کا پایا جانا ضروری ہے ان میں سے چند ایک درج ذیل ہیں :

اول :

جس کی دعوت دی جا رہی ہے اس کی بصیرت ہونی چاہیے یعنی جس کی دعوت دے رہا ہے اس حکم شرعی کا عالم ہو؛ کیونکہ ہو سکتا ہے وہ کسی ایسی چیز کی دعوت دے رہا ہو جس کے متعلق اس کا خیال ہو کہ وہ واجب ہے، لیکن شرع میں وہ واجب نہ ہو.

اس طرح وہ اللہ کے بندوں پر وہ کام لازم کر دے جسے اللہ نے لازم نہیں کیا، اور ہو سکتا ہے وہ کسی چیز اور کام کے ترک کرنے کی دعوت دے جس کے متعلق اس کا خیال ہو کہ وہ حرام ہے، لیکن اللہ کے دین میں وہ حرام نہ ہو، اس طرح وہ اللہ کے بندوں پر اللہ نے جو حلال کیا ہے اسے حرام کر دے.

دوم :

اسے مدعو یعنی جسے دعوت دی جارہی ہے کے حال کا بھی علم و بصیرت ہونی چاہیے: آپ کے لیے مدعو کی حالت کا علم رکھنا ضروری ہے، اس کی تعلیمی قابلیت کیا ہے؟ وہ بحث کی کتنی قابلیت رکھتا ہے؟ تاکہ آپ اس کے ساتھ بحث و مناقشہ کرنے کی تیاری کر سکیں؛ کیونکہ اگر آپ اس طرح کے شخص کے ساتھ بحث و مناقشہ کرنے لگیں تو اس کے قوت مناظرہ اور مناقشہ کی بنا پر معاملہ آپ کے خلاف ہو جائیگا.

تو اس طرح آپ کے سبب حق پر آزمائش و مصیبت ہوگی یہ خیال مت کریں کہ باطل پر چلنے والا شخص ہر حال میں نرم اور ایزی ہوتا ہے.

سوم:

دعوت دینے والا دعوت کی کیفت کی بصیرت رکھتا ہو، اس لیے میں اپنے دعوت دینے والے بھائیوں کو ابھارتا ہوں کہ وہ دعوت میں حکمت نرمی اختیار کریں انہیں علم ہو کہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

.{اللہ جسے چاہتا ہے حکمت عطا فرماتا ہے، اور جسے حکمت دے دی جائے تو اسے خیر کثیر عطا کر دی گئی اور اس سے نصیحت صرف عقلمند ہی حاصل کرتے ہیں}.البقرۃ(269).

دیکھیں: فتاوی الحرم المکی (1063–1066) کچھ کمی و بیشی کے ساتھ.

مزید آپ سوال نمبر (2023) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

یہاں بعض امور کی نشاندہی اور تنبیہ کرنا ضروری ہے:

اول:

آپ عمومی اسلوب استعمال نہ کریں، مثلا یہ کہ آپ اصلا فکر صوفی اور تصوف پر بدعت و گمراہی کا حکم لگائیں، یا پھر سب صوفیوں پر گمراہ ہونے کا لیبل لگا دیں، بلکہ اپنی کلام میں اس حکم سے احتراز کریں، اس کی بجائے آپ یہ کہیں کہ صوفیوں یا کسی اور گروہ میں سے جو کوئی شخص بھی یہ فعل اور عمل کرے وہ بدعت کا مرتکب ٹھرے گا، یا اس طرح کی کوئی اور عبارت استعمال کریں.

علماء کرام نے مکمل تصوف پر گمراہی کا حکم نہیں لگایا بلکہ اسے تصوف کو تین اقسام میں تقسیم کیا ہے اور پھر اس میں سے جو سنت کے موافق ہے اور جو سنت کے منافی و مخالف ہے اس تفصیلا بیان کیا ہے.

شیخ محمد بن ابراہیم رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"متصوفہ کی دو قسمیں ہیں:

متصوفہ سنی، یعنی سنت پر عمل کرنے والے صوفیاء کرام اور متصوفہ بدعتی یعنی بدعات پر عمل کرنے والے صوفی، اور ان صوفیوں میں سے مقتصد قسم کے لوگوں میں بہت قلیل بدعات پائی جاتی ہیں، اور بعض کے ہاں بہت زیادہ، اور انہوں نے تصوف کو وحدۃ الوجود کا راہ بنا لیا ہے" انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن ابراہیم (1) فتوی نمبر (192).

اگرچہ اس وقت صوفیوں کی غالب اکثریت بدعات وگمراہی کا شکار ہے، اس کا تفصیلی بیان سوال نمبر (20375) اور (47431) اور (4983) کے جوابات میں گزر چکا ہے آپ اس کا مطالعہ ضرور کریں.

آپ کے لیے اس کے ساتھ اس طرح کی بات کر کے کلام کا آغاز کرنا ممکن ہے اور پھر آپ اپنے اس دوست کو کہیں کہ جو صوفی فکر رکھتا ہے کہ وہ خود فیصلہ کرے کہ کتاب و سنت کیا کہتی ہے اور اس کی صوفی فکر کس طرف لاتی ہے، اس لیے کتاب و سنت پر عمل کرنا فرض و ضروری ہے اگر وہ حق پر ہے تو الحمد للہ اور اگر کتاب و سنت کے مطابق اس کی یہ صوفی فکر باطل ہے تو ان شاء اللہ وہ اس سے رجوع کر لے گا.

دوم:

اور اسکا سلفی اور اہل حدیث یعنی کتاب و سنت پر عمل کرنے والوں پر تکفیر کی تہمت لگانا کہ وہ لوگوں کو کافر کہتے ہیں، یہ تہمت تو ہم بہت دفع سن چکے ہیں، جس کے کافر ہونے کی دلیل ثابت ہو جائے اس کو کافر کہنے میں کوئی عیب اور غلط نہیں.

بلکہ عیب و غلط تو یہ ہے کہ جس کے خلاف دلیل مل جائے کہ وہ کافر ہو جائے اور اسے کافر نہ کہا جائے، ہم اس سے انکار نہیں کرتے کہ بعض سلفی حضرات کی طرف منسوب لوگ لفظ کفر کے اطلاق میں تساہل سے کام لیتے ہیں، لیکن اہل سنت والجماعت اور سلفی و اہل حدیث حضرات کا یہ طریقہ اور منہج نہیں.

کیونکہ اہل سنت والجماعت یعنی سلفی اور اہل حدیث کہلوانے والے کسی کو صرف معصیت و نافرمانی کی بنا پر کافر نہیں کہتے چاہے وہ گناہ کبیرہ کا ہی مرتکب کیوں نہ ٹھرے، بلکہ اس کے لیے اس کا ثبوت ملنا ضروری ہے کہ اس کا وہ عمل کسی شرعی دلیل کے ساتھ کفر پر دلالت کرتا ہو اور پھر اس میں کسی کے کافر ہونے کی شروط کا پایا جانا اور اس کے موانع نہ ہوں تا کہ اس پر کفر کا حکم لگایا جا سکے.

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"اہل سنت والجماعت کا مسلک و مذہب یہ ہے کہ وہ اہل قبلہ کو صرف گناہ کی بنا پر کافر نہیں کہتے، اور نہ ہی فقط تاویل کی وجہ سے کافر قرار دیتے ہیں، بلکہ اگر فرد واحد میں نیکیاں اور بدیاں دونوں پائی جاتی ہیں تو اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے" انتہی

دیکھیں: مجموع الفتاوی (478/27).

اور ایک دوسری جگہ کہتے ہیں:

"کسی شخص کے لیے بھی کسی مسلمان شخص کو کسی غلطی اور خطا کی بنا پر اس وقت تک کافر قرار دینا جائز نہیں جب تک کہ اس کے کفر کی دلیل و حجت ثابت نہ ہو، اور جس کا یقینی طور پر اسلام ثابت ہو جائے تو وہ صرف شک کی بنا پر زائل نہیں ہو سکتا، بلکہ اس کا اسلام تو حجت قائم ہونے اور شبہ زائل ہونے کے بعد ہی زائل ہو گا" انتہی

دیکھیں: مجموع الفتاوی (466/12).

اور انہوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ اہل سنت اپنے مخالف کو کافر نہیں کہتے چاہے ان کا مخالف بعض اوقات کفر پر بھی ہو شیخ الاسلام رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"اہل سنت کے آئمہ اوراہل علم میں عدل وانصاف اور رحمت ہے وہ اس حق کو پہچانتے ہیں جس پر ہیں اور سنت کے موافق اور بدعات سے سلیم ہیں، وہ اپنے مخالف کے معاملہ میں عدل وانصاف کرتے ہیں چاہے ان کا مخالف ان پر ظلم ہی کرے جس طرح اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{تم اللہ کی خاطر حق پر قائم ہوجاؤ، اورحق وانصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بن جاؤ، کسی قوم کی عداوت ودشمنی تمہیں خلاف عدل پر آمادہ نہ کردے، عدل کیا کرو جو پرہیزگار کے زیادہ نزدیک ہے}.المآئدۃ(8).

اوروہ مخلوق پر رحم کرتے ہوئے ان کے لیے خیر وبھلائی اورہدایت وعلم چاہتے ہیں، نہ کہ ان کے لیے کوئی شر وبرائی ...، اس لیے اہل علم وسنت اپنے مخالف کو کافر نہیں کہتے اگرچہ ان کا مخالف انہیں کافر بھی کہتا ہو؛ کیونکہ کفر ایک شرعی حکم ہے" انتہی

دیکھیں : الرد علی البکری(256–258).

سوم :

اگر آپ کے پاس اسے مطمئن کرنے کے لیے علم ودلائل نہیں اوراس کے شبہات کا جواب نہیں ہے تو پھر اس تک حق پہنچانے کے لیے مفید کتب اور کیسٹ وغیرہ استعمال کریں، یا پھر اپنے علاقے یا دوسرے علاقوں کے علماء سے رابطہ کرکے اوران کے پاس جا کر ان سے سوال کریں اوراس کے شبہات کا ازالہ کریں، الحمدللہ آج کل توسب لوگوں کے خیر وبھلائی کے وسائل میسر ہیں، آپ ان اشیاء میں سے کسی کو حقیر مت سمجھیں ہوسکتا ہے آپ کی جانب سے دی گئی کوئی کیسٹ ہی اس کی ہدایت کا باعث بن جائے.

چہارم :

آپ اس کی ہدایت وصحیح راہ پر آنے سے ناامیدمت ہوں اسے دعوت دیتے رہیں، چاہے مدت کتنی بھی طویل ہوجائے، کئی ایسے ہیں جنہوں کئی دعوت ونصیحت کے کئی برس بعد توبہ کی اورصراط مستقیم پر آ گئے اورحق قبول کرلیا.

واللہ اعلم.